# News Letter

# حرفِ اطلاع
## کالج نیوز بلٹن


E-mail: gcwtownship@gmail.com
Website: www.gct.edu.pk ,
Ph: 042-99262155



سرپرست اعلیٰ: پروفیسر ڈاکٹر عنبرین جاوید خان (پرنسپل)
مدیر اعلیٰ: ڈاکٹر سعدیہ نور (شعبہ اُردو)
مدیر: ڈاکٹر فوزیہ سلطانہ (شعبہ اُردو)
عکاسی: محمد ادریس

| | |
|---|---|
| یکم جنوری 2024 تا یکم جنوری 2025 | شمارہ: 10 |


## گورنمنٹ گریجوایٹ کالج برائے خواتین ٹاؤن شپ، لاہور

## جی جی سی ڈبلیوٹی کا نصب العین

پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر عنبرین جاوید خان، اساتذہ، طالبات اور ایڈمن آفس کے تمام ممبران وسٹاف کی قدم بہ قدم بہتر مستقبل کے حصول کے لیے کاوشیں

## جی جی سی ڈبلیوٹی کا مقصود نظر

گورنمنٹ گریجوایٹ کالج برائے خواتین، ٹاؤن شپ، لاہور کی طالبات آنے والے دور کی رہبر، رہنما اور بہترین انسان


1۔ پرنسپل کا پیغام
2۔ اداریہ
3۔ اہم تقاریب اور سرگرمیاں
4۔ عکسی حصہ


## یادگار دن اور اہم سرگرمیاں

- ☆ فن فیئر
- ☆ پلانٹیشن ڈے
- ☆ یوم دفاع
- ☆ تھینک ڈے، گرلز گائیڈ ڈے
- ☆ ڈرگ ڈے
- ☆ ویمن ڈے
- ☆ یوم پاکستان
- ☆ ٹیچرز ڈے اور کارڈ میکنگ
- ☆ بلڈ ڈونیشن
- ☆ قائد ڈے
- ☆ بلیک ڈے
- ☆ کلچرل ڈے
- ☆ یوم آزادی
- ☆ پنک ربن ڈے
- ☆ اقبال ڈے
- ☆ کشمیر ڈے
- ☆ سموگ ڈے
- ☆

## تقریبات اور اعزازت

- ☆ طالبہ کا اعزاز
- ☆ فرسٹ ایئر داخلہ کا اجرا
- ☆ پوسٹر اور پینٹنگ مقابلہ جات
- ☆ HED سپورٹس ایونٹ
- ☆ پی۔ٹی۔ایم۔کا انعقاد
- ☆ سواری اور خودمختاری
- ☆ طالبات کا اعزاز بہ حوالہ نیب
- ☆ کلاس فور کی یونیفارم
- ☆ دوسرا ایچ ای ڈی سپورٹس ایونٹ فار ٹیچرز
- ☆ اورینٹیشن کا انعقاد
- ☆ سی ٹی آئی کی بھرتیاں
- ☆ بک فیئر
- ☆ طالبات کا اعزاز
- ☆ ایلومنائی ڈنر
- ☆ طالبہ کا اعزاز
- ☆ جاب فیئر
- ☆ ایچ ای ڈی سپورٹس ایونٹ
- ☆ داخلہ فرسٹ ایئر
- ☆ تعلیمی سکالرشپ
- ☆ کچن گارڈننگ
- ☆ طالبہ کا اعزاز
- ☆ سالانہ محفل میلاد اور طالبہ کا اعزاز
- ☆ ہاکی میچ
- ☆ اینول ایگزیبیشن 2025 سائنس/آرٹس
- ☆ شرکت مشاعرہ بوائز کالج ٹاؤن شپ
- ☆ مقابلہ مضمون نویسی
- ☆ طالبات کا اعزاز
- ☆ قاسم علی شاہ فاؤنڈیشن وزٹ

## سال ہذا میں سیمینارز اور لیکچرز

- ☆ خواتین کی خودمختاری پر سیمینار
- ☆ کرونا وائرس
- ☆ کوڑا کرکٹ آگاہی مہم کا سیمینار
- ☆ ہیلتھ آف سٹوڈنٹ پر سیمینار
- ☆ اینٹی نارکوٹک سیمینار
- ☆ POCS کی آگاہی پر لیکچر
- ☆ انفارمیشن اینڈ ٹیکنالوجی
- ☆ بریسٹ کینسر آگاہی سیمینار
- ☆ ایڈلسن اینڈ مینٹل ہیلتھ سیمینار
- ☆ جاب سرچ کے متعلق سیمینار
- ☆ سکلز ڈویلپمنٹ پر سیمینار

## پرنسپل کا پیغام



وقت کا پہیہ ایک دفعہ پھر گھوما اور ہمیں بڑی تیزی کے ساتھ سال **2024** میں داخل کر گیا۔ میری بہت سی نیک تمنائیں تمام کالج ممبران اور طالبات کے لیے ہیں۔ اللہ سبحانہ وتعالیٰ فرماتے ہیں کہ ''زمانے کو برا مت کہو کیونکہ زمانہ میں خود ہوں''۔ یہ حدیث مبارکہ ہمارے لیے آگاہی کے در کھولتی ہے۔ ابھی کل کی بات ہے کہ ہمارے سامنے کمپیوٹر کا آغاز ہوا اور پھر یہ سلسلہ ترقی کرتے کرتے آرٹیفیشل انٹیلی جنس تک ہمیں لے آیا ہے۔ لہٰذا وقت کے مطابق اپنے آپ کو ڈھالنے اور نئے طور طریقوں اور ہنر یعنی سکلز کو اپنی زندگی میں شامل کرنا بے حد ضروری بھی ہے نیز ہمارے دور کا تقاضا بھی یہی ہے۔ کل تک مقابلہ انسان کا انسان سے تھا۔ آج انسان کے مد مقابل مشین ہے۔ لہٰذا اس سے کس طرح استفادہ کرنا ہے، اس کے متعلق فنی وفکری صلاحیتوں اور مہارتوں کو اپنی تربیت اور شخصیت میں کس طرح بیدار کرنا ہے۔ اس امر کی سمجھ بوجھ ہمیں ہونی چاہیے۔ اللہ ہم سب کا نگہبان ہو اور ہماری طالبات تبدیلی کی محرک ہوں اور ٹاؤن شپ کالج خوشحال مستقبل کا ضامن ہو۔ (آمین)

خیر اندیش

پروفیسر ڈاکٹر عنبرین جاوید خان

## اداریہ

''حرف اطلاع'' کا نیا شمارہ آپ کے سامنے ہے۔ اس شمارے میں یکم جنوری **2024** تا یکم جنوری **2025** تک کی تمام تدریسی اور غیر تدریسی سرگرمیوں کو اکٹھا کیا جا رہا ہے۔ ہمارے نیوز لیٹر کا مقصد بھی یہی ہے کہ قارئین کو ایک ہی نشست میں سارے سال کی اہم سرگرمیوں کا معلوم ہو جائے۔ کالج کے تمام سٹاف ممبران اور طالبات کی حوصلہ افزائی کرنا ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے جس کی ایک کڑی ہمارا زیر نظر ''حرف اطلاع'' ہے۔ کچھ گلے شکوے اور اعتراضات ہوتے ہیں اور ہوں گے مگر یاد رہے کہ ''حرف اطلاع'' کا مقصد محض اطلاع دینا ہے۔ زیر جائزہ ایڈیشن سال **2024** میں ہونے والی تقریبات کا حوالہ اور تصویری جھلکیوں پر مبنی ہے۔

دُعاؤں کی طلب گار

ڈاکٹر سعدیہ نور

## سیمینار اور لیکچرز:

کالج ہذا میں وقتاً فوقتاً مختلف نوعیت کے سیمینارز کا انعقاد ہوتا رہا ہے جس میں *Women Empowerment*، اینٹی نارکوٹک، کرونا وائرس اور سموگ سے آگاہی اور احتیاطی تدابیر کے بارے میں بتایا گیا۔ **POCS** کی بیماری کے متعلق معلومات فراہم کی گئیں۔ بلیک ڈے جس میں ہمارے نوجوان طالب علموں کو جس بے دردی سے موت کے منہ میں دھکیلا گیا، ان کی یاد میں اور ان کے والدین سے ہمدردی کے اظہار کو سیمینار کے ذریعے واضح کیا گیا۔ حالات حاضرہ میں کس طرح آپ ایک اچھی جاب حاصل کر سکتے ہیں کے متعلق ایک باقاعدہ سیمینا منعقد کیا گیا۔ ہمارے ماحول میں اردگرد روز بروز بڑھتے ہوئے کوڑا کرکٹ کو کس طرح ویسٹ کرنا ہے اور اس ضروی امر کو کس طرح اپنی زندگی میں شامل کرنا ہے کے متعلق بتایا گیا۔ طالبات کی صحت کے معاملات کو اجاگر کرنے اور صحت ہے تو جہاں ہے کی قدر و قیمت کو ایک سیمینار کے ذریعے واضح کیا گیا۔ نوجوانوں کی فنّی مہارتوں اور صلاحیتوں کو بیدار کرنا اور ان میں مزید سکلز پیدا کرنا کی مہم کو بھی سیمینار کے ذریعے سمجھا ما گیا۔

- ☆ **18** جنوری **2024** کو مس سندس ریاض سر گنگا رام ہسپتال لاہور سے تشریف لائیں اور ایڈولوسن اینڈ مینٹل ہیلتھ پر لیکچر دیا۔ انھوں نے **26** مارچ **2024** کو *Family Norms and Conversation Styles* پر بھی لیکچر دیا۔
- ☆ **2** مارچ **2024** کچن گارڈننگ کے متعلق مختلف طریقوں کو واضح کیا گیا۔ سبزیوں کی افادیت اجاگر کی گئی۔
- ☆ **23** جنوری کو کالج ہذا میں سائنس، آرٹس، ہوم اکنامکس کی نمائش کا اہتمام کیا گیا۔ ڈائریکٹر کالجز نے شرکت کی اور طالبات کی حوصلہ افزائی کی۔ تصویریں ملاحظہ کیجیے۔

## یادگار دن اور اہم سرگرمیاں

☆ 27 فروری 2024 کو کالج میں کھانے پینے کے سٹالز لگائے گئے اور کلچرل ڈے منایا گیا۔ خوب رونق لگی، ہر دل خوش و مطمئن نظر آیا۔

☆ 8 مارچ 2024 کو وومن ڈے کی تقریب منعقد ہوئی۔ معاشرے میں حقوق نسواں کے حوالے سے لیکچر دیا گیا اور خواتین کی اہمیت اور موجودگی کو ہر شعبہ میں تحسین کی نگاہ سے دیکھا اور دکھایا گیا۔

☆ 11 مارچ 2024 کالج میں کلچرل ڈے کا انعقاد ہوا اور خوب گہما گہمی دیکھنے کو ملی۔ تصویریں ملاحظہ کیجئے۔

☆ 20 مارچ 2024 کو پلانٹیشن ڈے منایا گیا جس کا مقصد تھا ***Stop cribbing about pollution, we created it join hands to save planet*** اس سلسلے میں ٹری پلانٹیشن گالا کا انعقاد کیا گیا۔ ورلڈ فارسٹ ڈے میں طالبات نے پوسٹر بنائے اور سیمینار بھی منعقد کیا۔ آنے والی نسلوں کو اچھا ماحول فراہم کر سکیں۔ ***Trees are life. Help us plant a tree***

☆ 23 مارچ 2024 کو یوم پاکستان منایا گیا۔ تقریب کی مہمان خصوصی مشہور مفکر اور سیاستدان مہناز رفیع صاحبہ تھیں۔

☆ 14 اگست 2024 کو گورنمنٹ گریجوایٹ کالج برائے خواتین ٹاؤن شپ میں یوم آزادی نہایت عقیدت و احترام سے منایا گیا۔ تصویری جھلکیاں ملاحظہ ہوں

☆ 6 ستمبر میں شہیدوں کا خراج تحسین پیش کیا گیا۔ ان کی بدولت دشمن کی نظر میں ہماری سربلندی ہمیشہ قائم و دائم رہے گی۔ پاک سرزمین زندہ باد

☆ 10 اکتوبر 2024 ٹیچرز ڈے منایا گیا اور بیسٹ ٹیچرز کے ایوارڈ دیے گئے۔ اس سلسلے میں مسز عامرہ، مسز طلعت، مسز نوشین اور مس بشریٰ اور مسز عظمیٰ مجید قابل ذکر ہیں۔ ہم سب تہہ دل سے ان کو مبارک باد دیتے ہیں۔

☆ 14 اکتوبر 2024 کو بریسٹ کینسر کی آگاہی کے حوالے سے کالج ہذا میں پنک ربن ڈے بنایا گیا۔ واک اور لیکچرز کا اہتمام کیا گیا۔

☆ 15 اکتوبر 2024 کو ہمارے کالج میں طالبات نے خوبصورت کارڈز بنا کر اپنی اپنی پسندیدہ ٹیچرز کو اپنے دلی جذبات منتقل کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ پیار و محبت کا یہ سلسلہ اللہ کرے سدا سلامت رہے۔

☆ 6 نومبر 2024 بلڈ ڈونیشن کیمپ لگایا گیا۔ مس فروا، مس ثانیہ، مس ماریہ، مس صائمہ اور مس ہما پرویز پیش پیش رہیں۔ کل 22 خون کے بیگ دیے گئے اور خون کا عطیہ فراہم کرنے کی خدمات کو دین اور دنیا کی روشنی میں واضح کرتے ہوئے اس کارِ خیر کی اہمیت کو اجاگر کیا گیا۔

☆ 8 نومبر 2024 اقبال ڈے بنایا گیا۔ ڈاکٹر بصیرہ عنبرین مہمان خصوصی نے اقبال کی فکر اور نظریے کی وضاحت کی۔ طالبات نے اقبال کی شاعری پر ٹیبلوز پیش کیے۔ کتب کی نمائش بھی کی گئی اور ایک طالبہ نے اقبال کا گیٹ اپ بھی کیا۔

☆ 10 دسمبر 2024 کو فن فیئر ہوا۔ طالبات اور اساتذہ نے بھرپور شرکت کی۔ خوب مزا اور ہلہ گلہ کیا گیا۔ کھانے پینے کی اشیاء کے سٹالز لگائے گئے اور بگھی کی سواری کا اہتمام بھی کیا گیا۔ طالبات کے لیے جھولوں کا بھی انتظام تھا۔

☆ 25 دسمبر کو قائداعظم کے نام کیا گیا۔ ؎ یوں دی ہمیں آزادی کہ دنیا ہوئی حیران  اے قائداعظم تیرا احسان ہے احسان

☆ کشمیر ڈے 5 فروری 2025 کو ہمیشہ کی طرح منایا گیا۔ واک، سیمینار اور لیکچر کے ذریعے کشمیریوں پر ہونے والے مظالم کی مذمت کی گئی۔

☆ ڈرگ ڈے کے ضمن میں منشیات ایک ایسا گڑھا ہے جس میں ہمیں نہیں جانا کی آگاہی دی گئی۔ طالبات سے عہد لیا گیا کہ وہ اس طرح کی سرگرمیوں سے اجتناب برتیں گی۔

☆ بلیک ڈے APS کے بچوں کی شہادت کے حوالے سے منایا گیا۔ ان کی قربانیاں ہمیشہ یاد رہیں گی۔

☆ سموگ ڈے پر ماحولیاتی آلودگی کے حوالے سے یہ باور کرایا گیا کہ صاف ماحول ہماری نسلوں کی بقا کے لیے نہایت ضروری ہے۔

## تقریبات اوراعزازات

☆ 2 فروری 2024 کو طالبہ جویریہ برجیس بی اے اینول ایگزامینیشن رول نمبر 130069 کے تحت 200 میں سے 157 نمبر لے کر گولڈ میڈل حاصل کیا۔ انھیں Patiala Sim Gold Medal and Principal Sheshardi Prize کانووکیشن کے تقریب میں دیا گیا۔

☆ 3 فروری 2024 کو انٹرمیڈیٹ طالبات کی پی ٹی ایم منعقد ہوئی۔16 جنوری کو بھی یہ منعقد ہوئی۔تصویریں ملاحظہ ہوں۔

☆ 21 فروری 2024 کو اینول ایچ ای ڈی سپورٹس تقریبات کا آغاز ہوا۔ پہلا میچ فٹ بال کا کھیلا گیا۔تصویری جھلکیاں ملاحظہ ہوں۔

☆ 29 فروری 2024 کو طالبہ لائبہ سلیم (پری میڈیکل) کو اردو مزاحیہ تقریر پر گورنمنٹ بوائز کالج ٹاؤن شپ کی طرف سے تیسری پوزیشن پر ٹرافی دی گئی۔ سووینئر دیا گیا۔اسی طرح طالبہ انعم یوسفی (سیکنڈ ایئر پری میڈیکل) نے اردو مظاہر یہ مزاحیہ تقریر کے ضمن میں تیسری پوزیشن حاصل کی۔اردو ڈیپارٹمنٹ کو مبارکباد ہو۔

☆ 6 مارچ 2024 کو دوسرے ایچ ڈی سپورٹس ایونٹس کا کالج ہذا میں انعقاد کیا گیا۔اس افتتاحی تقریب میں سیکرٹری ہائر ایجوکیشن خالد سلیم، ڈی پی آئی کالجز ڈاکٹر سید انصر اظہر، ڈائریکٹر کالجز لاہور ڈویژن زاہد میاں اور ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز شاہدہ صاحبہ نے شرکت کی۔تصویریں ملاحظہ ہوں۔

☆ 9 مارچ 2024 کو دوسرے ایچ ای ڈی سپورٹس ایونٹ کا باقاعدہ آغاز ہوا۔سپورٹس کی طالبہ مافعیہ ٹرافی کی حقدار ٹھہریں۔شاباش، ہماری طالبہ نے ہمیشہ کالج کا اور اساتذہ کا سر بلند رکھا ہے۔فزیکل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ......مبارک باد

☆ 11 مارچ 2024 کو ٹاؤن شپ کالج فار بوائز میں مشاعرہ کا انعقاد ہوا جس میں ہمارے کالج کی طرف سے مسز سمیہ نواب اور ڈاکٹر فوزیہ نے شرکت کی۔ان کی شاعری کو پسند کیا گیا اور حوصلہ افزائی بھی کی گئی۔بعد میں سرٹیفکیٹ بھی دیے گئے۔

☆ 27 مارچ 2024 کو داخلے شروع ہو گئے۔ پہلے آیئے پہلے پایئے اور کالج پراسپیکٹس کالج آفس سے دستیاب ہونے لگے۔ پری فرسٹ ایئر کی کلاسز شروع ہو گئیں۔

☆ 29 اپریل 2024 طالبات کے لیے خوش خبری کہ وہ یہ لنک کھولیں https:/bikes.punjab.gov.pk/ جس کے تحت بیس ہزار بائیکس دی جا رہی ہیں۔تصویریں ملاحظہ کیجئے۔سواری سے خودمختاری

☆ 2 مئی 2024 کو *Orientation of 1st Year Students* کی تقریب منعقد ہوئی۔طالبات کو کالج کے اصول وضوابط بتائے گئے۔

☆ 12 مئی 2024 کو الیومینائی ڈنر کا اہتمام کیا گیا اور باوقار اور شاندار تقریب میں سب نے بہت لطف حاصل کیا۔فنکشن کی تصویریں حاضر ہیں۔میں نے یہ سیکھا ہے کہ اس دنیا سے بقول مولانا رومی کہ موت کا مزہ تو چکھنا ہی ہے سب کو مگر ہم میں سے بہت کم ہوں گے کہ جو زندگی کو چکھ پائیں گے۔

☆ 13 جولائی کو فرسٹ ایئر 26-2024 کے داخلے باقاعدہ طور پر شروع کیے گئے۔تصویری جھلکیاں ملاحظہ ہوں۔

☆ 14 ستمبر 2024 کو صدف کنول نے ہفتہ شان رحمت اللعالمین ﷺ میں ڈسٹرکٹ لیول پر پہلی پوزیشن حاصل کی اور سرٹیفکیٹ کی حقدار ٹھہریں۔

☆ 19 ستمبر 2024 کو سالانہ محفل میلاد کالج جمنیزیم میں منعقد ہوئی۔

☆ 23 ستمبر 2024 کو مضمون نویسی کے مقابلے اردو ڈیپارٹمنٹ اور انگلش ڈیپارٹمنٹ کی طرف سے ڈاکٹر فوزیہ سلطانہ اور مسز تحسین محمد نے سرانجام دیے۔اردو کا موضوع تھا ''دیانت داری کی حماقت'' اور انگلش کا موضوع تھا ''***The role of personal responsibility in fighting corruption***''۔انٹرمیڈیٹ اور ADA کی طالبات نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا اور انعام کی حقدار ٹھہریں۔ان میں ہما مریم، مریم نوید، جویریہ بی بی، غفورن شفقت حسین اور مریم وسیم شامل

ہیں۔اس کے فائنل راؤنڈ میں موضوع تھا ''بدعنوانی اعتماد کو کمزور کرتی ہے'' اور انگلش کا موضوع تھا ''Fighting Corrumtion is a Matter of National Honour'' تھا۔انھی طالبات نے شرکت کی۔

- ☆ 26 ستمبر 2024 کو پوسٹر اور پینٹنگ کے مقابلے ہوئے جس میں مسز ثنا اور مس اقرا مبین نے اپنی خدمات سرانجام دیں۔پوزیشن کے حقدار طالبات میں مس تحریم، مس ایمان آصف، مس عشاء بشیر شامل ہیں۔اردو اور انگلش فائنل راؤنڈ کی انعام حاصل کرنے والی طالبات میں وجیہہ بلوچ، مناہل، مہک خرم، مریم، کشمالہ وقار اور عفیفہ مستقیم رہیں۔
- ☆ 13 اکتوبر 2024 کو اینٹی کرپشن نیب ایکٹو سیل کے ڈسٹرکٹ لیول میں اردو مضمون نویسی میں ہما مریم کی تیسری پوزیشن آئی۔وہ انعام اور سرٹیفکیٹس کی حقدار ٹھہریں۔بہت مبارک باد
- ☆ 13 اکتوبر 2024 کو سی ٹی آئی کی بھرتی کے سلسلے میں اہم کام سرانجام دینے کا سلسلہ شروع کیا گیا اور کالج میں 21 سی۔ٹی۔آئیز کی بھرتیاں ہوئیں۔
- ☆ 16 اکتوبر 2024 کو مریم وسیم فرسٹ ایئر ICS رول نمبر 626 نے کوپر روڈ کالج میں منعقدہ انگلش مباحثہ میں تیسری پوزیشن حاصل کی۔شاباش بہت مبارک ہو۔
- ☆ 18 اکتوبر 2024 سپیشل کوٹہ تعلیمی سکالرشپ انٹرمیڈیٹ وگریجویشن 2024-25 کے تحت آن لائن درخواست دینے کے طریقہ کار پر ہدایات دی گئیں۔یہ پروگرام ہونہار طالبات کے لیے گورنمنٹ آف پاکستان کے تحت شروع کیا گیا ہے۔مسز طلعت جاوید، مس تانیہ اور جناب واجد حسین نے فوکل پرسن کا کردار ادا کیا۔10 اکتوبر کو اس سلسلے میں مسز شازیہ اکرام نے لیکچر کا اہتمام بھی کیا اور کہا گیا کہ اس پروگرام میں اپلائی کرنے والوں کی حوصلہ افزائی کی جائے۔
- ☆ 10 دسمبر 2024 کو جناح ڈگری کالج مزنگ اور ٹاؤن شپ کالج کی طالبات کے درمیان ہاکی کا میچ ہوا۔اس میچ میں گلبرگ کالج کی مس روبینہ شہباز نے میزبانی کے فرائض ادا کیے۔ٹاؤن شپ کالج کی دوسری پوزیشن آئی۔
- ☆ 15 دسمبر 2024 تیسرے ایچ ای ڈی سپورٹس کے پہلے مرحلے میں ہمارے کالج کی طالبات نے اتھلیٹکس کے ٹریک ایونٹس جن میں **100,200,400** میٹر ریس میں اقصیٰ شریف نے پہلی ہرڈلز میں، فائزہ نے دوسری اور **4x100** اور **4x400** میں ہمارے کالج نے پہلی پوزیشن حاصل کی۔فیلڈ ایونٹ میں لانگ اور ہائی جمپ میں دُرِ نایاب نے دوسری اور جیولن تھرو میں زارا اسد حسین نے دوسری پوزیشن حاصل کی۔دوسرے مرحلے میں **100** میٹر میں اقصیٰ شریف نے دوسری اور **4x100** میٹر ریس میں تیسری پوزیشن حاصل کی۔اس کے علاوہ لانگ جمپ میں دُرِ نایاب نے تیسری پوزیشن حاصل کی۔ویل ڈن......شاباش
- ☆ 23 دسمبر 2024 کو سپورٹس سائنس ڈیپارٹمنٹ کی مس ماہ نور اور مس ثنا حنفی کو تیسرے ایچ ای ڈی سپورٹس کے موقع پر اعلی کارکردگی کے سرٹیفکیٹ دیے گئے۔بہت بہت مبارک ہو۔
- ☆ 23 جنوری 2025 کو HED سپورٹس ایونٹ کا انعقاد ہوا۔ہاکی، والی بال، ٹیبل ٹینس، بیڈمنٹن کے مقابلے ہوئے۔تصویریں ملاحظہ ہوں۔
- ☆ 28 جنوری 2025 کو HED کی ہدایت کے مطابق کلاس فور کے تمام سٹاف ممبران کو یونیفارم دیا گیا تاکہ ڈسپلن قائم ودائم رہے۔
- ☆ 28 فروری بک فیئر کا انعقاد کیا گیا۔بے شک کتاب ہماری بہترین دوست ہے۔
- ☆ جاب فیئر کے سلسلے میں گلبرگ کالج میں طالبات کو لے کے گئے تاکہ وہ مستقبل کے حوالے سے اپنے کیریئر کو بنانے میں مفید معلومات حاصل کرسکیں۔

# تصویری جھلکیاں




















14TH AUGUST


PLANT FOR PAKISTAN DAY
GOVT. GRADUATE COLLEGE FOR WOMEN TOWNSHIP LAHORE
Stop cribbing about pollution, we created it. Join hands to SAVE the planet


PLANT FOR PAKISTAN DAY


PLANT FOR PAKISTAN DAY


GOVT. GRADUATE COLLEGE FOR WOMEN


23rd March






23rd March






PUNJAB




HAPPY




HAPPY TEACHER'S DAY




GOVT. GRADUATE COLLEGE FOR WOMEN
TOWNSHIP LAHORE


PINKRIBBON
چھاتی کے سرطان کی آگاہی مہم
جلد تشخیص - بروقت علاج
PINKRIBBON
چھاتی کے سرطان کی آگاہی مہم
جلد تشخیص - بروقت علاج




KASHMIR SOLIDARITY DAY




ادارہ نظریہ پاکستان






GOVT. GRADUATE COLLEGE FOR WOMEN
KASHMIR SOLIDARITY DAY
GOVT. COLLEGE FOR WOMEN TOWNSHIP












Opening Ceremony
Events At Punjab Level 2023-24
2nd Higher Education Department
Provincial Sports Events 2023 - 2024
WELCOME



"Intercollegiate Cooking competition"





Welcome
New Students
Orientation
GOVT. GRADUATE COLLEGE FOR WOMEN
TOWNSHIP LAHORE










SPORTS CHAMPIONSHIP
WE WELCOME


LAHORE

GOVT. GRADUATE COLLEGE FOR WOMEN












Boys Events
Girls Events
1 Athletics
2 Basketball
